- نندیتا کو کن وجوہات کی بنا پر اپنے گاؤں والے گھر سے ماما کا گھر مختلف لگتا تھا؟

- نندیتا کو سرکاری نل سے پانی لانے اور گاؤں میں پانی حاصل کرنے میں کیا باتیں مختلف نظر آئیں؟

- جہاں نندیتا کے ماما کی رہائش تھی، کیا وہاں بجلی تھی؟ اندازہ لگاؤ۔

## نئی چیزیں سیکھنا



میں ہر روز ماں کو دیکھنے کے لیے بس سے اسپتال جاتی ہوں۔ پہلے پہل میں اتنی بھیڑ بھاڑ والی بس میں سوار ہونے سے بہت ڈرتی تھی۔ لیکن اب ایسا نہیں ہے۔ اب میں جانتی ہوں کہ قطار میں کیسے کھڑا ہونا ہے، ٹکٹ کے لیے کتنی رقم دینی ہے، کہاں اترنا ہے۔

جہاں ہم رہتے ہیں، اس کے نزدیک ہی ایک اونچی سی عمارت بنی ہوئی ہے۔ میری مامی وہاں سات گھروں میں کام کرتی ہیں۔ وہ وہاں برتن دھوتی ہیں



© NCERT not to be republished

مامی کو ببلو کے گھر کی صفائی کرنے میں کافی وقت لگا لیکن وہ آسانی سے سارے کام کر رہی تھیں۔ وہاں ایک نل تھا جس میں سے پانی آتا تھا۔ ببلو نے اپنے نہانے کے لیے ایک بالٹی نل کے نیچے بھرنے کو رکھ دی۔ پھر وہ ٹیلی ویژن دیکھنے بیٹھ گیا۔ اتنا بہت سا پانی بہہ گیا۔ مجھے یہ اچھا نہیں لگا۔ میں گئی اور جا کر نل بند کر دیا۔

ببلو کے گھر میں شیشے کی بڑی بڑی کھڑکیاں تھیں۔ مامی نے مجھے کھڑکی میں سے نیچے دیکھنے کو کہا۔ نیچے ماما کی گلی اور بستی دکھائی دے رہی تھی لیکن یہ بتانا مشکل تھا کہ ماما کا گھر کون سا ہے۔ وہاں اونچائی سے نیچے کی سب چیزیں چھوٹے کھلونوں کی مانند لگ رہی تھیں۔ اتنی اونچائی سے نیچے کی طرف دیکھتے ہوئے میں کافی ڈر رہی تھی۔



جب نندیتا پہلے پہل ممبئی آئی تھی تو وہ کیا کیا چیزیں تھیں جن کو کرنے سے وہ خوفزدہ ہو جاتی تھی؟

**برائے استاد:** یہ سبق ماما کی بستی اور اونچی عمارتوں میں بنے ہوئے گھروں کے درمیان فرق کو ظاہر کرتا ہے۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اسی طرح کے موجود اور زیادہ فرق کے بارے میں سوچیں اور ان کی ممکنہ وجوہات پر غور و فکر کریں۔

